، جماعت کے منشور اور جماعت کی ترتیب کے ساتھ آگے بڑھے ہیں۔ چناب نگر (ربوہ) میں سب سے پہلا مرکز ختم نبوت الحمدللہ ابناء امیر شریعت خطیب بنی ہاشم سید عطاالمحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور محقق العصر سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قائم کیا جو آج ایک تناور درخت بن چکا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ صرف تحریکِ ختم نبوت یا تحریک دفاعِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی نہیں بلکہ ہمیں یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تحریکِ اسماء صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شروع فرمائی تو ہزاروں بچوں کے نام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے نام پر رکھے گئے۔ آج پاکستان کے تمام محکموں میں، کالجز اور یونیورسٹیوں میں اللہ کے فضل و کرم سے مغیرہ اور معاویہ نام کے نوجوان اپنی اپنی کرسیوں پر براجمان ہیں۔ یہ اُن بزرگان دین کی محنت اور اُن کی خداداد صلاحیتیں تھیں کہ جنھوں نے اپنی بصیرت سے آنے والے حالات کو پہچانا اور ایک مثبت تحریک شروع کی جس کے ثمرات آج ہر طرف دکھائی دے رہے ہیں۔ پروگرام کے بعد باجماعت نمازِ عشاء ادا کی گئی اِس موقع پر حضرت سید محمد کفیل بخاری دامت برکاتہم نے خصوصی دعا فرمائی جس کے بعد وہ تمام علماء کرام اور دیگر افراد سے فرداً فرداً ملے۔ اور ان میں قرآن کریم کے نسخے تقسیم کیے۔ اس موقع پر اُستاذ القراء حضرت مولانا قاری محمد داؤد، مولانا تنویر الحسن، مولانا ابوذر، مولانا محمد صفدر جروار، مولانا قاری عبدالباسط قریشی، مولانا ولی اللہ معاویہ، صاحبزادہ مفتی خالد محمود قریشی، معروف ثناء خوانِ مصطفیٰ ﷺ آصف اقبال، مولانا محمد ابوبکر رمز، مولانا قاری محمد افضل، قاری راشد محمود، مولانا صاحبزادہ زبیر احمد درخواستی، قاری عبدالواحد، قاری محمد انصر، صاحبزادہ قاری حماد احمد، مولانا عزت نور، مولانا فتح خان، حاجی محمد سلیمان، حاجی محمد صفدر، قاری توفیق، قاری محمد عنصر، مولانا محمد زکریا، اختر علی رحمانی، عبدالودو ہاشمی، مولانا محمد قاسم، مولانا صلاح الدین فاروقی، قاری محمد توفیق، قاری محمد منصور، حیات اللہ خان، عدیل عزیز، محمد بلال اور جلال احمد سمیت لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

## مسافرانِ آخرت

- والدہ مرحومہ بھائی محمد طارق چوہان ملتان، یکم مئی 2015ء
- محمود احمد مرحوم، مجلس احرار اسلام مریدکے، کے کارکن، محمد معاویہ کے والد خالد محمود کے بھائی اور حکیم محمد صدیق تارڑ مرحوم کے فرزند 21/رجب 1436ھ۔ 11 مئی 2015ء
- محمد سعید مرحوم، مجلس احرار اسلام حاصل پور کے رہنما، رکن مرکزی مجلس شوریٰ حاجی ابوسفیان تائب کے ماموں زاد، 15 مئی 2015ء
- میر عبدالقیوم مرحوم، خواجہ محمد ایوب (گوالمنڈی، لاہور) کے برادرِ بزرگ، مئی 2015ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)